بسم اللہ الرحمن الرحیم

# منسا فاطمہ نام رکھنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا بچی کا نام "منسا فاطمہ" رکھ سکتے ہیں؟

## جواب

مِنسا (میم کے زیر اور نون کے سکون کے ساتھ)، اسم آلہ کا صیغہ ہے، جس کا معنیٰ ہے "بھول جانے کا آلہ" اس معنیٰ کے لحاظ سے یہ نام مناسب نہیں ہے۔ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام صرف فاطمہ رکھ لیں یا دوسری صحابیات، صالحات رضی اللہ تعالی عنھن کے نام پر رکھیں کہ اس سے امید ہے کہ ان کی برکات بچی کے شامل حال ہوں گی، نیز اس سے حدیث پاک پر عمل بھی ہوگا، کہ حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اچھے لوگوں کے نام پہ نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی ہے۔

المنجد میں ہے "نَسِيَ يَنْسى: بھولنا۔" (المنجد، صفحہ 899، مطبوعہ: لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ 58، حدیث 2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ مراٰۃ المناجیح میں فرماتے ہیں: "بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام یا حضور علیہ السلام کے صحابہ عظام، اہلبیت اطہار کے ناموں پر نام رکھے جیسے ابراہیم و اسمٰعیل، عثمان، علی، حسین و حسن وغیرہ عورتوں کے نام آسیہ، فاطمہ، عائشہ وغیرہ اور جو اپنے بیٹے کا نام محمد رکھے وہ انشاء اللہ بخشا جائے گا۔" (مراٰۃ المناجیح، جلد5، صفحہ 30، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

**نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے۔**

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5430

تاریخ اجراء : 07 ربیع الآخر 1448ھ / 19 ستمبر 2026ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net